Maulana Azad National Urdu University

PhD (History) Course Work I Sem Examination - December - 2023

تاریخ ہند کے مختلف پہلوؤں کا مطالعہ

PHHS101CCT: Research Methodology in History

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i- 'The Idea of History' کس کی تصنیف ہے۔

ii- 'تاریخ عظیم انسانوں کی سوانح حیات کے سوا کچھ نہیں'۔ یہ کس کا قول ہے۔

iii- درج ذیل مراحل کو مناسب ترتیب سے لکھیں۔

(a) تعارف(Introduction) (b) مواد (Contents)

(c) اشاریہ(Index) (d) کتابیات (Bibliography)

iv- ibid سے کیا مراد ہے۔

v- کسی دو ہندوستانی مارکسی مورخین کا نام لکھیں۔

vi- 'راج ترنگنی' کشمیر کے کس بادشاہ کے دور میں لکھی گئی۔

vii- برنی نے اپنی تصنیف 'تاریخ فروز شاہی' میں علاء الدین خلجی کے کس لقب کا کثرت سے ذکر کیا ہے۔ اس لقب کا استعمال ان کے سکوں پر بھی ملتا ہے۔

viii- ابوالفضل کی تصنیف 'اکبرنامہ' کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا تھا۔

ix- کس مورخ نے رومی سلطنت کے زوال کیلئے بربریت اور مذہب کی فتح کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔

x- 'A Contribution to the Critique of Political Economy' کس کی تصنیف ہے۔

حصہ دوم

2- تاریخ اور سیاسیات کے درمیان تعلق پر نوٹ لکھیں۔

3- بنیادی ماخذ سے کیا مراد ہے۔ مثال دے کر مختصر نوٹ لکھیں۔

4- کتبات اور مسکوکات بنیادی ماخذ ہیں۔ تجزیہ کیجیے۔

P.T.O.

5۔ ثانوی ماخذ کس طرح تحقیق میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ تبصرہ کریں۔

6۔ تحقیق کے مختلف قسموں کا تجزیہ کیجیے۔

7۔ تحقیقی مقالہ میں کتابیات (Bibliography) کی کیا اہمیت ہے۔

8۔ تحقیقی مقالہ کی ساخت (Structure) کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

9۔ ابوالفضل کی تاریخ نویسی پر ایک نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

10۔ تاریخی حقائق (Historical Facts) کے بارے میں E.H. Carr کے تاثرات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

11۔ تاریخ میں تعلیل (Causation in History) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ مثال دے کر سمجھائیں۔

12۔ تاریخ کا سماجی علوم کے دوسرے شعبہ جات کے ساتھ تعلقات کا جائزہ لیں۔

13۔ ضیاء الدین برنی کی تاریخ نویسی پر روشنی ڈالتے ہوئے علاء الدین خلجی پر ان کی رائے پر بحث کریں۔

14۔ اکبر کے دور کے ٹکسال (Mint) اور اس کے انتظامیہ کو 'آئین اکبری (Ain-i-Akbari)' کے حوالے سے تفصیلی طور پر بیان کریں۔

☆☆☆